# 'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، آواران کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

## صحت:

- ڈاکٹروں اور طبّی عملے (بچوں کے ماہرین، ڈاکٹر، پیرامیڈیکل عملہ) کی تعداد میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔
- ایک نئی لیبارٹری قائم کرنے اور موجود لیبارٹری کی مرمت کی ضرورت ہے۔
- تمام ہسپتالوں میں ادویات، وہیل چیئرز، بستر اور اسٹریچرز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
- ایمبولینسوں کے ایندھن، دیکھ بھال اور ایمبولینس ڈرائیورز کی تنخواہوں کے لئے رقم مختص کی جانی چاہیئے۔
- ماں اور بچے کی صحت کے لئے ایک زچہ و بچہ مرکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- ماں اور بچے کی صحت کے سلسلے میں آگہی مہم کے لئے بجٹ مختص کرنے کی ضرورت ہے۔

## تعلیم:

- کوٹرو، شندھی، علی کوٹو کے اسکولوں میں سائنس کے کمرے، اضافی کلاس روم، عملے کے لئے ایک عمارت، کمروں کی مرمت اور نئی عمارتوں کی تعمیر کی ضرورت ہے۔
- جھاؤ کے علاقے میں لڑکوں کے ۴۰ پرائمری اسکول اور لڑکیوں کے ۱۱۲ سکول ہیں۔
- مشک کے علاقے میں ۹ مڈل اسکولوں اور ۷ ہائی اسکولوں، ۴۲ پرائمری اسکولوں اور لڑکوں کے ۷۶ پرائمری اسکولوں کو مرمت کی ضرورت ہے۔
- تمام اسکولوں میں واش رومز کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے۔
- آواران گرلز اسکول کی دیواروں کی مرمت کی جانی چاہیئے اور انٹر کالج آواران کو بجلی فراہم کی جانی چاہیئے۔
- مشک بوائز ہائی اسکول کی تجدید اور انٹر کالج مشک میں واٹر کولر کی ضرورت ہے۔
- جھاؤ شیخ تاج محمد گوٹھ میں واقع ایک پرائمری اسکول میں میزیں اور کرسیاں درکار ہیں۔

## امن وامان:

- ملازمین کے ریسٹ ہاؤس، بجلی، خوراک اور بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
- پولیس اسٹیشنز اور چیک پوسٹیں قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- سیکورٹی کے نظام میں بہتری لائی جائے۔

## تعمیر و ترقی:

- آواران میں ایک اور ماڈل ہائی اسکول اور لائبریری قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- حدراد اروڈا اور تماشی روڈ کی مرمت کرنے کی ضرورت ہے۔
- مشک کے اسپورٹس گراؤنڈ میں گھاس لگوانے کی ضرورت ہے۔

## خواتین کی ترقی:


- دستکاری مراکز اور نئی سلائی مشینوں کی ضرورت ہے۔
- خواتین میں سماجی کاموں کے بارے میں سوجھ بوجھ پیدا کرنے کے لئے ایک تربیتی مرکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

## نوٹ:

**مندرجہ بالا تمام مطالبات آوران کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔**


Find us
Individualland
Individualland
Tel: 051-2253438
contact@individualland.com
www.individualland.com


انڈویجوئل لینڈ
انفرادی آزادی کے لئے کوشاں



# آواران

## کیا آپکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔ تاہم انڈو یجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت" کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر وترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۱۳۱،۲۳۷،۰۰۰ روپے | ۱۹۵،۶۲۱،۲۸۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ آفیسر | ۸۰،۱۰۰،۱۰۰ روپے | ۱۱۱،۱۱۲،۹۰۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ کوارٹر | ۲۲،۳۱۸،۹۰۰ روپے | ۵۱،۵۴۵،۱۰۰ روپے |
| عوامی ہیلتھ انجینئرنگ (ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای) | ۲۸،۸۱۸،۰۰۰روپے | ۳۲،۹۶۳،۲۸۰ روپے |

### برائے تعلیم :

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۲۷۱،۷۷۶،۹۰۰روپے | ۳۲۲،۹۹۸،۱۰۰ روپے |
| پرائمری تعلیم | ۸۳،۴۱۹،۵۰۰ روپے | ۹۵،۶۷۱،۹۰۰ روپے |
| ثانوی تعلیم | ۷۹،۴۲۱،۱۰۰ روپے | ۹۶،۶۰۵،۹۰۰ روپے |
| ہائی اسکولز | ۹۳،۴۴۸،۹۰۰ روپے | ۱۱۴،۶۶۰،۷۰۰ روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء | ۱۵،۴۸۷،۴۰۰ روپے | ۱۶،۰۵۹،۶۰۰ روپے |

### برائے تعمیر وترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۳۱،۶۸۸،۵۰۰ روپے | ۱۴۳،۲۸۰،۵۱۶ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر/ صوبائی بی اینڈ آر کے لئے سول ورکس | ۷،۸۰۶،۴۰۰ روپے | ۹،۱۱۰،۸۸۶روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر- II / صوبائی بی اینڈ آر | ۹۹،۸۸۲،۱۰۰ روپے | ۱۱۸،۱۶۹،۶۳۰ روپے |
| جی۔اے کی عمارت | ۲،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۲،۰۰۰،۰۰۰ روپے |
| اے۔ون کی سڑک | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۴،۰۰۰،۰۰۰روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱،۰۳۰،۵۵۰،۷۰۰ روپے | ۷۱۱،۲۵۹،۰۰۰ روپے |
| لیویز | ۱۰۸،۹۴۲،۲۰۰ روپے | ۱۱۳،۷۲۵،۰۰۰ روپے |
| جیلیں | ۲۸۷،۰۰۰ روپے | ۳۶۸،۰۰۰ روپے |
| ڈپٹی کمشنر | ۳۴،۲۵۱،۰۰۰ روپے | ۳۷،۵۴۴،۰۰۰ روپے |
| ضلعی پولیس افسر | ۸۸۷،۰۷۰،۵۰۰ روپے | ۵۵۹،۶۲۲،۰۰۰ روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱،۳۵۶،۳۰۰ روپے | ۳،۷۲۷،۰۰۰ روپے |
| سلائی اور بنائی کا مرکز | ۔ | ۱،۴۹۹،۴۰۰ روپے |
| قالین پر کڑھائی کا مرکز | ۔ | ۵۰۷،۰۰۰ روپے |
| چمڑے پر کڑھائی کا مرکز | ۱،۳۵۶،۳۰۰ روپے | ۱،۷۲۰،۶۰۰ روپے |

## سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر قلعہ سیف اللہ کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔ اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟